عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ حکمرانوں کو مجبوراً اقتدار چھوڑنا پڑے گا۔(شہباز شریف)

''جیسے مجھے چھوڑنا پڑا تھا''

☆ عوام کو وردی کی فکر نہیں، اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں۔(گورنر خالد مقبول)

''اور مسائل ہم نے حل کر دیئے ہیں''

☆ اسامہ اور مُلّا عمر زندہ ہیں۔(القاعدہ کا دعویٰ)

بش اور بلیئر خیر منائیں!

☆ نوابزدہ کی سیاست، عبادت کا درجہ رکھتی ہے۔نصر اللہ کو سیاسی پیغمبر مان لیا۔(اجمل قادری)

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی؟

☆ عراق میں امریکی فوجیوں نے برطانوی صحافی کو گولی ماری۔(امریکہ کا اعتراف جرم)

''چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے''

☆ نوکری پیشہ کا کردار کبھی قابل ذکر نہیں رہا۔(حسن نثار)

آپ بھی تو ایک نوکری پیشہ کردار ہیں......!

☆ پاکستانی فوجیوں کی شہادت پر امریکی معذرت قبول!(ایک خبر)

''آپ تو ہمارے مائی باپ ہیں!''

☆ اپوزیشن کو پارلیمنٹ چلا کر دکھائیں گے۔(جمالی)

پارلیمنٹ ہے یا کوئی ویگن ہے!

☆ زرداری نے ایک ارب ڈالر امریکہ، سوئٹزرلینڈ اور برطانیہ منتقل کئے۔(امریکی رپورٹ)

اربوں کی لوٹ مار ہے، ہیروں کا ہار ہے
رہزن تو اک فریب تھا، ہے رہنما فریب

☆ پرویز مشرف میرے باس ہیں ☆ واجپائی میرے بزرگ ہیں۔(جمالی)

کس بات کو صحیح سمجھا جائے!

☆ ۲۰۰۷ء میں بجلی سستی کر دی جائے گی۔(آفتاب شیرپاؤ)

''کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک''